میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

ہفتہ، 23 ربیع الاول، 1443ھ | 30/10/2021 | نمبر: 1443/19

پریس ریلیز

اہل قوت پر لازم ہے کہ وہ ہمیں ان حکمرانوں سے چھٹکارا دلائیں جو شکست خوردہ امریکہ کو ہماری جاسوسی کرنے اور افغانستان پر حملے کرنے کے لیے ہماری فضائی راہداری فراہم کر رہے ہیں

سی این این کے مطابق بائیڈن انتظامیہ نے کانگریس کو بتایا کہ پاکستان کے ساتھ باقاعدہ معاہدہ ہونے والا ہے جس کے تحت امریکہ افغانستان میں انٹیلی جنس اور فوجی آپریشنز کیلئے پاکستان کی فضائی حدود استعمال کرے گا۔ اس رپورٹ کے جواب میں وزارت خارجہ کی "تردید" عملاً اس رپورٹ کی تصدیق کے مترادف ہے۔ اس فضائی راستے، جسے امریکی پائلٹ "بلیووارڈ" کہتے ہیں، کے ذریعے ہی حال ہی میں امریکہ نے دو ڈرون حملے کئے جس میں درجن سے زائد مسلمان شہید ہوئے۔ ہم پوچھتے ہیں کہ افغانستان میں امریکہ کی شکست کے بعد پاکستان کی فوجی اور سیاسی قیادت کو کیسے یہ جرات ہوئی کہ وہ پاکستان کی فضائی راہداری کو امریکی ڈرونز اور جنگی جہازوں کیلئے شاہراہ عام بنا دیں جس کے ذریعے امریکہ ہمارے افغانی بھائیوں کے سروں پر ان کی چھتیں گرائے، اور افغانستان میں طالبان حکومت پر فوجی دباؤ ڈال سکے، بلکہ مغربی پاکستان پر، بلوچستان میں، ہمارے نیوکلیئر انفراسٹرکچر کی جاسوسی کرے۔

اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے احکامات کی کھلی خلاف ورزی کے بدلے یہ خائن حکمران امریکہ سے ہندو ریاست سے "معاملات ٹھیک کروانے" کی بھیک مانگ رہے ہیں، اور امریکہ کو یہ ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں کہ وہ ہی ہیں جو خطے میں امریکہ کے تمام اہداف کی تکمیل میں اس کی مدد کر سکتے ہیں۔

اے پاکستان کے مسلمانو! ہماری کمزور اور ابتر صورتحال اس وجہ سے نہیں کہ ہم فوجی طور پر کمزور ہیں، ہم نے پہلے روس اور پھر امریکہ کو مسلم علاقوں سے مار بھگایا۔ نہ ہی ہماری کمزوری کی وجہ ہماری معاشی کمزوری ہے، مسلم علاقے معاشی وسائل سے مالا مال ہیں۔ ہماری کمزوری کی اصل وجہ امریکہ نواز سیاسی اور فوجی قیادت ہے جو امریکہ کی شکست کو فتح میں تبدیل کرنے کے لیے کوشاں ہے، جو مسلم مقدسات اور مقبوضہ مسلم علاقوں کی حفاظت اور آزادی سے انکاری ہے، جو مغرب کے بنائے ہوئے انٹرنیشنل ورلڈ آرڈر کے سامنے سر بسجدہ ہے اور جو اسلام کے دوبارہ طاقت اور اقتدار میں آنے کے خلاف کھڑی ہے۔

اے افواج پاکستان کے افسران! موجودہ انٹرنیشنل آرڈر میں دن بدن مسلمانوں کے معاملات میں خیانت کا سلسلہ بڑھتا ہی جائے گا اور ہمارے حکمران IMF، FATF کی شرائط اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی مجبوری کے نام پر مغرب کے مفادات کی حفاظت کے لیے بہانے تراشتے رہیں گے۔ اس انٹرنیشنل آرڈر کو مسترد کرنا اب لازم ہو چکا ہے، ورنہ محدود معاشی مفادات کے نام پر یہ خائن حکمران مسلسل ہمارے اسٹریٹیجک مفادات قربان کرتے رہیں گے۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے آپ کو یہ سنہری موقع فراہم کیا ہے کہ آپ پاکستان میں خلافت قائم کر کے افغانستان اور وسطی ایشیا کو اس میں ضم کر کے انٹرنیشنل آرڈر کی بیڑیوں کو توڑ ڈالیں۔ امریکہ اور مغرب اس پوزیشن میں نہیں کہ آپ کے سامنے کھڑے ہو سکیں۔ ان امریکہ نواز حکمرانوں سے جان چھڑائیں اور حزب التحریر کو خلافت کے قیام کے لیے نصرۃ فراہم کریں۔ اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے فرمایا؛

﴿قُلِ اللَّهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَن تَشَاءُ وَتَنزِعُ الْمُلْكَ مِمَّن تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَن تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَاءُ ۖ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۖ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ﴾

"کہو (اے نبی ﷺ)، اے بادشاہی کے مالک، تو جس کو چاہے بادشاہی بخشے اور جس سے چاہے چھین لے اور جس کو چاہے عزت دے اور جسے چاہے ذلیل کرے ہر طرح کی بھلائی تیرے ہی ہاتھ ہے اور بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے" (سورۃ آل عمران، 3:26)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com انسٹاگرام: https://instagram.com/HTmediaPAK01 ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK4 ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
پوڈکاسٹ: https://anchor.fm/HTmediaPAK وائس ایپ نمبر: +967 713 645 449
حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info